18 واں اجلاس

بارہویں اسمبلی

# بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

بروز جمعہ مورخہ 20 فروری 2026ء بوقت سہ پہر 3:00 بجے منعقد ہونے والے بلوچستان صوبائی اسمبلی کے اجلاس کی

## ترتیب کارروائی

1) **تلاوت قرآن پاک وترجمہ**

2) **وقفہ سوالات**

علیحدہ فہرست میں مندرج محکمہ اطلاعات اور محکمہ صحت سے متعلق سوالات دریافت اور ان کے جواب دیئے جائینگے۔

3) **توجہ دلاؤ نوٹس**

**مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ، رکن بلوچستان صوبائی اسمبلی۔**

وزیر برائے محکمہ صحت کی توجہ ایک اہم مسئلہ کی جانب مبذول کروائیں گے کہ مالی سال کا بیشتر حصہ گزر چکا ہے مگر تاحال رواں مالی سال کے ادویات صوبے کے سرکاری ہسپتالوں کو فراہم نہیں کی جاسکیں ہیں۔ جس کی بنا غریب مریضوں کو شدید مشکلات اور پریشانی کا سامنا ہے۔ لہٰذا اب تک ادویات نہ پہنچنے کی کیا وجوہات ہیں، تفصیل فراہم کی جائے۔

4) **غیر سرکاری قراردادیں**

i) **قرارداد نمبر 75 منجانب:۔ جناب اصغر علی ترین، رکن بلوچستان صوبائی اسمبلی** (مورخہ 22 دسمبر 2025 کی اسمبلی نشست میں موخر شدہ)

ہرگاہ کہ صوبہ بلوچستان جو رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا اور وسائل سے مالا مال صوبہ ہے۔ لیکن مسائل کی وجہ سے متاثرہ اور پسماندہ صوبہ ہے۔ علاوہ ازیں 44% کل رقبے کا حل صرف جنگ نہیں۔ بلکہ اس کی اصل نمائندگی ہے اور نمائندگی بڑھانے سے ہی مسائل کا حل ممکن ہے۔

لہٰذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے کہ کثیر آبادی اور وسیع رقبے کو مدنظر رکھتے ہوئے بلوچستان کی صوبائی اسمبلی کی نشستیں 65 سے بڑھا کر 85 اور قومی اسمبلی میں بلوچستان کی نشستیں 20 سے بڑھا کر 28 کرنے کے لئے عملی اقدامات اٹھانے کو یقینی بنائے۔ تاکہ بلوچستان کے عوام میں پائی جانے والی بے چینی اور احساس محرومی کا خاتمہ ممکن ہو سکے۔

ii) **قرارداد نمبر 76 منجانب:۔ مولانا ہدایت الرحمٰن، رکن بلوچستان صوبائی اسمبلی** (مورخہ 22 دسمبر 2025 کی اسمبلی نشست میں موخر شدہ)

ہرگاہ کہ ضلع گوادر میں گزشتہ کئی سال سے سیٹلمنٹ کے ذریعے غریبوں اور جدی پشتی لوگوں کو بے دخل کر کے ان کی زمینوں کو بااثر لوگوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ جبکہ زمین کے اصل مالکان ایک ایکڑ زمین سے بھی محروم رہ گئے ہیں۔ جس کی بابت علاقے کے لوگ عدالتوں سے رجوع کر رہے ہیں۔ لیکن تاحال ان کی کوئی شنوائی نہیں ہو رہی ہے۔

لہٰذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ تحصیل گوادر، تحصیل پسنی، تحصیل جیونی اور تحصیل اورماڑہ کے موجودہ سیٹلمنٹ کو منسوخ کر کے نیا شفاف سیٹلمنٹ کرنے کی بابت عملی اقدامات اٹھائے جائے۔ تاکہ علاقے کے اصل مالکان کو ہی زمینیں الاٹ کی جاسکے۔

کوئٹہ
مورخہ 19 فروری 2026ء

طاہر شاہ کاکڑ
سیکرٹری

CamScanner